نیوز ریلیز

نئے آنے والے ممتاز لوگوں کو تسلیم کرنا

08 مئی، 2024ء [میڈیا انکوائریز]

البرٹنز کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ کسی ایسے نئے آنے والے فرد کو نامزد کریں جس نے اپنی کمیونٹی میں اہم کردار ادا کیا ہو۔

البرٹا ایسے افراد اور خاندانوں کا گھر ہے جو بہت سے متنوع پسِ منظر سے تعلق رکھتے ہیں اور وہ اپنی کمیونٹیوں پر مثبت اثرات مرتّب کرنے میں مدد دے رہے ہیں۔ البرٹا نیوکمر ریکیگنیشن ایوارڈز (Alberta Newcomer Recognition Awards) نئے آنے والوں کو اعزاز بخشنے کا ایک موقع ہیں وہ جو اپنی رضاکارانہ سرگرمیوں، لِیڈرشپ، کاروبار میں جِدّت، اپنے تعلیمی یا پیشہ ورانہ حلقہ عمل میں کامیابیاں حاصل کرکے یا مزید خیر مقدمی اور جامع کمیونٹیاں تشکیل دے کر صوبے کو مالا مال کر رہے ہیں۔

البرٹنز اب البرٹا نیوکمر ریکیگنیشن ایوارڈز کیلئے اپنی نامزدگیاں جمع کروا سکتے ہیں۔ ایوارڈز کی کیٹیگریاں نوجوانوں، خواتین، بزرگوں، کاروبار کرنے والے افراد، ماہرین تعلیم، پیشہ ور افراد اور کمیونٹیاں تشکیل دینے والوں کی کامیابیوں کو تسلیم کرتی ہیں۔ ہر کیٹیگری میں ایک سے زائد وصول کنندگان کو نوازا جاسکتا ہے۔

"نئے آنے والے البرٹا میں تازہ مہارتیں، نقطہ ہائے نظر، اور توانائی ہمراہ لاتے ہیں؛ وہ کاروبار شروع کرتے ہیں، اہم صنعتوں کو برقرار رکھنے میں مدد دیتے ہیں اور اپنی ہمسائیگیوں، اسکولوں اور کام کی جگہوں پر فعال کردار ادا کرتے ہیں۔ وہ تنوع اور ثقافتی رونقیں شامل کرتے ہیں۔ یہ ضروری ہے کہ ہم انہیں تسلیم کرنے کیلئے وقت نکالیں، ہماری کمیونٹیز کو بہتر بنانے میں اپنی حصہ داری کیلئے وہ یہاں کب آئے تھے اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔"

محمد یٰسین *(Muhammad Yaseen)، امیگریشن اور کثیرالثقافتی کے وزیر*

جمع کروائی گئی نامزدگیوں کا تخمینہ اس معیار کی بنیاد پر لگایا جاتا ہے جیسے کہ نامزد کردہ کی مجموعی کنٹری بیوشن، کہ ان کے کاموں نے ضروریات کو کیسے پورا کیا اور انھوں نے دوسروں پر کس طرح اثرات مرتب کئے، اور مسائل کو حل کرتے وقت انہوں نے قیادت اور اصلیت کا مظاہرہ کس طرح کیا۔

نامزدگیاں 20 جون کی دوپہر تک کُھلی ہیں۔

ایوارڈز کا پروگرام ان امیگرینٹس کی مدد کیلئے بہت سے حکومتی اقدامات میں سے ایک ہے جنھوں نے البرٹا کو اپنا گھر بنانے کا انتخاب کیا۔

فوری حقائق

- ایوارڈز میں نو کیٹیگریاں شامل ہیں: کیرئیر اور تعلیمی کنٹری بیوشن، کاروباری جذبہ، کام کی جامع جگہیں، نیا آنے والا چیمپیئن، سینئر اسپرٹ ایوارڈ، اسمال کمیونٹی اِنہینسمینٹ، طالبعلم کی حوصلہ افزائی، خواتین کے نئے آنے والے اثرات اور نوجوان لِیڈر۔
- نامزدگیاں لازمی طور پر آن لائن پورٹل کے ذریعے جمع کروائی جانی چاہئیں۔
- اہل ہونے کیلئے نامزد افراد لازمی طور پر:
  - ایک فرد ہو (کوئی گروپ یا تنظیم نہیں)
  - البرٹا کی حکومت سے ایسا ہی کوئی ملتا جلتا ایوارڈ وصول نہ کیا ہو

Classification: Public

نیوز ریلیز

- کینیڈا سے باہر پیدا ہوئے ہوں (لیکن کینیڈا میں بہت سالوں سے رہنے والے ہو سکتے ہیں)
- مستقل رہائشی یا کینیڈا کے شہری ہو سکتے ہیں
- کوئی مجرمانہ سزا نہ ہوئی ہو جس کیلئے معافی نہیں ملی
- کوئی منتخب عہدے دار نہ ہوں
- نامزدگی کے وقت البرٹا میں رہتے ہوں
- البرٹا میں حصہ ڈالا ہو

متعلقہ معلومات

[نیوکمر ایوارڈز]

ملٹی میڈیا

[ویڈیو]

میڈیا انکوائریز

مائیکل کویس (Michael Kwas)

780-264-5368

پریس سیکریٹری، امیگریشن اینڈ ملٹی کلچرل ازم